2 ستمبر بروز ہفتہ، سڑک بند ہونے کی اطلاع

کلفٹن اسٹریٹ

سڑک کی بندش کا نقشہ

سرخ: 2 ستمبر بروز ہفتہ صبح 11 بجے سے دو پہر 12.30 بجے تک سڑک بند ہونے سے متاثر ہونے والا علاقہ۔
سبز: غیر متاثرہ اور کھلا رہنے والا علاقہ۔



NoFit اسٹیٹ، فور ایلمز روڈ، کارڈف، CF24 1LE، ویلز
+44 (0)2920 221330
www.nofitstate.org

رجسٹرڈ چیریٹی نمبر 1102850
رجسٹرڈ کمپنی نمبر 3180348

nofitstate
circus

ایڈمزڈاؤن کے عزیز رہائشی،

سڑک بند ہونے کی اطلاع

کلفٹن اسٹریٹ
2 ستمبر بروز ہفتہ
صبح 11 بجے سے دو پہر 12.30 تک سڑک بند

گزشتہ گرمی کے 'کلفٹن اسٹریٹ فیسٹیول' کی کامیابی سے تحریک پاکر، 'اسکوائر مائل' کمیونٹی پارٹنرشپ آپ کو 2 ستمبر بروز ہفتہ اینڈرسن فیلڈز میں، دو پہر 12.30 بجے تا شام 4.30 بجے ایک بیرون خانہ معاشرتی تقریب - ایک بڑی پکنک – میں ہمارے ساتھ شریک ہونے کے لیے مدعو کر رہی ہے جسے **Gwledd Parc Feast** کہا جاتا ہے۔

کلفٹن اسٹریٹ پر (گولڈ اسٹریٹ سے) **اینڈرسن فیلڈز تک ایک پریڈ ہوگی،** جو دو پہر 12 بجے روانہ ہوگی۔

NoFit اسٹیٹ نے اس دن کلفٹن اسٹریٹ کے حصوّں کو بند کرنے کے لیے کونسل کو درخواست دی ہے تاکہ لوگ صبح 11.30 بجے سے پریڈ کے لیے بہ حفاظت جمع ہو سکیں۔

یہ راستہ **2 ستمبر بروز ہفتہ، صبح 11 بجے تا دوپہر 12.30 بجے** بند رہے گا اور اس سے کلفٹن اسٹریٹ کی گولڈ اور سیفائر اسٹریٹس سے آئرن اور ڈائمنڈ اسٹریٹس تک کے حصّے متاثر ہوں گے۔ سیفائر اسٹریٹ، ایمیرلڈ اسٹریٹ، روبی اسٹریٹ، ٹوپاز اسٹریٹ اور ڈائمنڈ اسٹریٹ تک پورا دن رسائی بالمقابل اسٹریٹس کے ذریعے ممکن رہے گی اور ابھرے ہوئے دوراہوں یا چوراہوں پر کوئی رکاوٹیں نہیں ہوں گی۔ براہِ کرم مندرجہ ذیل نقشہ ملاحظہ کریں۔

اس دن کی تیاری کے سلسلے میں، کلفٹن اسٹریٹ کے متاثرہ حصوّں سے متصل پارکنگ بیز تک رسائی رفتہ رفتہ کم کی جائے گی اور ہماری آپ سے درخواست ہے کہ ازراہِ کرم راستہ بند ہونے سے پہلے بیز میں گاڑیاں کھڑی نہ کریں۔ پارکنگ تمام سائڈ اسٹریٹس پر حسب معمول دستیاب رہے گی۔

Gwledd Parc Feast اینڈرسن فیلڈز میں ایک چھوٹے پیمانے کی تقریب ہوگی جس میں **اسپلاٹ، ایڈمزڈاؤن اور ٹریمورفا** کی ان متنوع کمیونٹیوں کا جشن منانے کے لیے کھانا، لائیو میوزک، پرفارمنسز اور سرگرمیاں پیش کی جائیں گی جن سے ہماری اسکوائر مائل کمیونٹی تشکیل پاتی ہے۔ یہ تقریب شمولیت آمیز، کثیر ثقافتی اور خاندان دوست ہوگی – یہ مفت ہوگی اور اس میں ہر شخص کا استقبال ہے!

اس ایونٹ میں ہمارے ساتھ کام کرنے والے پارٹنرز میں فی الحال شامل ہیں: ایڈمزڈاؤن کونسلرز: اووین جونز؛ گریس فرگیوسن-تھورن، ایڈمزڈاؤن پرائمری اسکول، کارڈف کمیونٹی ہاؤسنگ ایسوسی ایشن ((CCHA، فریلانس کریئیٹوز:A-F مورگان؛ فرانسس میکسی، اسٹیسی بلائتھ، گرین اسکویرل، لاماؤ، لوکل پولیس کمیونٹی سپورٹ آفیسرز [Local Police Community Support Officers (PCSOs)]، NoFit اسٹیٹ کمیونٹی، Oasis، ویلش رفیوجی کونسل [Welsh Refugee Council]

مزید معلومات یا کوئی سوال پوچھنے کے لیے براہِ کرم ہماری دوستانہ استقبالیہ ٹیم سے reception@nofitstate.org پر رابطہ کریں، 02920 221330 پر کال کریں یا 07500 970567 پر WhatsApp کریں، یا بذاتِ خود ہم سے بات کرنے کے لیے فور ایلمز روڈ پر واقع ہماری عمارت میں تشریف لائیں۔

آپ کے لیے پُرخلوص دعائیں،

کیٹ پیری، کمیونٹی پروگرام مینیجر
ایوی ڈیویس، کمیونٹی پروگرام ایڈمنسٹریٹر

جو ٹیلر
کمیونٹی پروجیکٹ مینیجر